نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام کی ٹائم لائنز کا جائزہ لیا گیا

لاہور: **20 جون 2024**: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ زرعی شعبہ کی ترقی موجودہ حکومت کی ترجیحات میں سر فہرست ہے۔ پاکستان کی معاشی ترقی زرعی شعبہ سے براہ راست منسلک ہے۔ وہ آج ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے تھے۔اجلاس میں ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام کی ٹائم لائنز کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ حکومت پنجاب نے مالی سال 25-2024 کے لیے زرعی شعبہ کی ترقی کے لیے فیاضانہ وسائل فراہم کیے ہیں۔ مالی سال 25-2024 کے لیے زرعی شعبہ کی ترقی کے لیے 64ارب روپے سے زائد مالیت کا ترقیاتی بجٹ مختص کیا گیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑااور تاریخ ساز کسان پیکج بھی موجودہ حکومت پنجاب نے دیا ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ محکمہ زراعت کی اب ذمہ داری ہے کہ اس منفرد کسان دوست پیکج کے ثمرات کاشتکاروں کی دہلیز تک من وعن پہنچائے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ 30ارب روپے سے شروع کی گئی گرین ٹریکٹر سکیم کاشتکاروں کے لیے ایک لاٹری سکیم ثابت ہوگی۔گرین ٹریکٹرز کا صوبہ میں فارم میکنا ئزیشن کے فروغ کے لیے اہم اور عملی کردار ہوگا۔وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ زرعی شعبہ کی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرے گا۔150 ارب روپے کے بلاسود زرعی قرضے کاشتکاروں کو کسان کارڈ کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے۔حکومت پنجاب کے تحت کاشتکاروں کے لیے مختلف سکیموں اور سہولیات کیلئے اہلیت کا بنیادی معیار کسان کارڈ ہوگا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ فیلڈ فارمیشنز کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ کسان کارڈ کی رجسٹریشن میں مزید تیزی لانے کیلئے آگاہی سرگرمیوں میں مزید بہتری لائی جائے۔سپر سیڈر کی بکنگ کا عمل مزید تیز کیا جائے۔سپر سیڈر کی کوالٹی کو یقینی بنانے کے لیے نیسپاک سے ٹیکنیکل تصدیق کرائی جائے۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی ملک محمد اکرم اور ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆